اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان گھوڑسوار (ماؤنٹڈ سکواڈ) و ڈرائیور کانسٹیبلان (پنجاب کانسٹیبلری)

پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد میں کانسٹیبلان گھوڑسوار (ماؤنٹڈ سکواڈ) (گھوڑوں پر گشت، اُن کی نگہداشت اور دیکھ بھال کے لیے) اور ڈرائیور کانسٹیبلان سَیبل نمبر 7 بمع مرجہ الاؤنسز کی خالی سیٹوں پر بھرتی کیلئے امیدواران سے مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	مندرجات	اہلیت برائے ڈرائیور کانسٹیبل	اہلیت برائے کانسٹیبل گھوڑسوار (ماؤنٹڈ سکواڈ)
(1)	عمر	21 تا 30 سال	18 تا 25 سال
(2)	قد	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
(3)	چھاتی	کم از کم 33"×34" ½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 33"×34" ½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)
(4)	سکونت	امیدواران کا لاہور، شیخوپورہ، قصور، ننکانہ صاحب، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، ملتان، خانیوال، لودھراں اور وہاڑی کے اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا شیخوپورہ، ننکانہ صاحب اور قصور کے اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔
(5)	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ	منظور شدہ بورڈ سے میٹرک
(6)	دوڑ	(i) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (ii) برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	(i) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (ii) برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔
(7)	ڈرائیونگ لائسنس و تجربہ	LTV ڈرائیونگ لائسنس اور LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سال کا تجربہ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، مکینکل ٹیسٹ اور ہائی وے کوڈ ٹیسٹ بھی لیا جائے گا۔)	---
(8)	اہلیت / قابلیت	----	گھوڑسواری اور گھوڑوں کی نگہداشت، تربیت اور انتظام و انصرام کا علم و مزاج

ہدایات برائے امیدواران

- ☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- ☆ درخواست فارم معہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 200 روپے (فارم فیس) دفتر پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد میں مورخہ 09.05.2024 تا 23.05.2024 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔
- ☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات دفتر پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔
- ☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔
- ☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم / درخواست محکمانہ توسط سے آخری تاریخ سے قبل جمع کروائیں۔

مختص کوٹہ:۔ ☆ اقلیتی امیدواران کے لیے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ خواتین امیدواران کے لیے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ دس فیصد (10%) سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا۔ اور

- آرمی سے ریٹائرڈ صحت مند ملازمین جو کہ گھوڑسواری اور گھوڑوں کی نگہداشت، تربیت اور انتظام و انصرام کے شعبہ سے متعلق ہوں،
- قد، چھاتی تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا اصول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔
- عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 25 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔
- وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کارروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے اور درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:۔ ☆ ڈرائیور کانسٹیبل کی آسامی کے لیے امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، ڈرائیونگ ٹیسٹ، تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ کانسٹیبل گھوڑسوار (ماؤنٹڈ سکواڈ) کی آسامی کے لیے امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، تحریری امتحان برائے گھوڑسواری اور گھوڑوں کی نگہداشت و تربیت اور انتظام و انصرام، عملی امتحان برائے گھوڑسواری اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس ٹیلی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں ماخوذ / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از میڈیکل ریٹائرمنٹ میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہوں گے تاکہ بالائے امیدوار بھرتی کیلئے اہل ثابت ہوں گے۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہوں گے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش دفتر پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد میں منعقد ہوگی۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جا سکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جا سکے گی۔

المشتہر:- ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ - II)، سینٹرل پولیس آفس، لاہور

IPL-398n